## جناب الطاف حسین کی خالہ زاد بہن کے جواں سال صاحبزادے جواد خورشید ٹریفک حادثے میں جاں بحق

## جواد خورشید کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا سوگوار لواحقین سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ٹریفک حادثے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خالہ زاد بہن کے جواں سال صاحبزادے جواد خورشید کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے جناب الطاف حسین سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے سوگوار لواحقین سے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ایم کیوایم کے تمام کارکنان انکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ ترین مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ٹیلی فون کرکے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ بیگم سے ان کی خالہ زاد بہن کے صاحبزادے جواد خورشید کی ٹریفک حادثے میں ہلاکت پر دلی افسوس کا اظہار کیا اور مرحوم کے بلند درجات اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

## جناب الطاف حسین کی خالہ زاد بہن کے صاحبزادے جواد خورشید کا سوئم پیر کو بعد نماز ظہر نگینہ مسجد نارتھ ناظم آباد بلاک G میں ہوگا

## خواتین کیلئے سوئم کا انتظام نارتھ ناظم آباد میں واقع مرحوم کی رہائشگاہ سہیل اپارٹمنٹ میں کیا گیا ہے

کراچی۔۔۔یکم، جنوری 2012ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی خالہ زاد بہن کے جواں سال صاحبزادے جواد خورشید مرحوم کا سوئم مورخہ 2 جنوری بروز پیر کو بعد نماز ظہر نارتھ ناظم آباد بلاک G میں واقع نگینہ مسجد میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔خواتین کیلئے سوئم کا انتظام مرحوم کی رہائشگاہ نارتھ ناظم آباد میں واقع سہیل اپارٹمنٹ میں کیا گیا ہے۔

## ایم کیوایم 2 جنوری کو ہزارہ اور جنوبی پنجاب کے صوبوں کے قیام کیلئے 20 ویں آئینی ترمیم جمع کرائے گی، ڈاکٹر فاروق ستار

## اگلے مرحلے میں فاٹا کے عوام کا احساس محرومی دور کرنے کیلئے قومی اسمبلی اور سینیٹ کے ایوان میں بھی قرارداد جمع کرائی جائیں گی

## جناب الطاف حسین نے ہزارہ وال اور سرائیکی عوام کے زخموں پر مرہم رکھا ہے اور سرائیکی اور ہزارے وال عوام اس احسان کا بدلہ نہیں چکا سکتے، چیئرمین ہزارہ قومی جرگہ سید وقار حسین شاہ

## ہزارہ اور جنوبی پنجاب کے صوبوں کیلئے قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کی جانب سے قرارداد جمع کرانے پر اظہار تشکر کیلئے نائن زیرو پر آنے والی ریلیوں کے شرکاء سے خطاب

## نائن زیرو پر جشن کا سماں، شرکاء ہزارے وال اور سرائیکی نغموں اور ڈھول تاشے کی دھنوں پر والہانہ رقص کرتے رہے

## ساڈی بھی مجبوری ہے الطاف حسین ضروری ہے شرکاء کے فلک شگاف نعرے

کراچی۔۔۔یکم، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے ہزارہ اور سرائیکی عوام کو خوشخبری سنائی ہے کہ ایم کیوایم 2 جنوری کو ہزارہ اور جنوبی پنجاب کے صوبوں کے قیام کیلئے 20 ویں آئینی ترمیم جمع کرائے گی اور فاٹا کے عوام کا احساس محرومی ختم کرنے اور ان کی خودمختاری کیلئے اگلے مرحلے میں آئندہ قراردادیں قومی اسمبلی اور سینیٹ کے ایوان میں جمع کرائی جائیں گی جس کے آئینی مسودہ پر رائے اور صلاح مشورہ کیا جارہا ہے اور 21 آئینی ترمیم کا وقت آیا تو فاٹا کو بھی خودمختار بنانے کی تحریک شروع کی جائے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کی شب قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے حق پرست ارکان اسمبلی کی جانب سے ہزارے وال اور سرائیکی صوبوں کے قیام کی قرارداد جمع کرانے کی خوشی میں کراچی میں مقیم ہزارہ وال، سرائیکی اور مختلف کمیونٹیوں کی نائن زیرو پر اظہار تشکر کیلئے جمع ہونے والی مختلف ریلیوں کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ریلی کے شرکاء

نے اپنے ہاتھوں میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر کے پورٹریٹ ،ایم کیوایم اور ہزارہ وال کے پرچم اور پلے کارڈ اٹھار کھے تھے، پلے کارڈ پر ہزارہ اورسرائیکی صوبے کے لئے قومی اسمبلی میں قراردادجمع کرنے پرمبارکباد،خراج تحسین اوراظہارتشکر کے کلمات جلی حروف میں تحریر تھے۔اس دوران نائن زیرو پرزبردست جشن کا سماں دیکھنے میں آیا، ریلیوں کے شرکاءہزارے وال اورسرائیکی نغموں اورڈھول تاشے کی دھنوں پروالہانہ انداز میں ثقافتی رقص کرتے رہے جبکہ شرکاء ’’ساڈی بھی مجبوری اے الطاف حسین ضروری ہے‘‘ ’’نعرہ الطاف جئے الطاف‘‘ ’’نعرہ متحدہ جئے متحدہ‘‘ اور دیگرنعرے فلک شگاف انداز میں لگارہے تھے۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری، کیف الوریٰ ،سلیم تاجک ، یوسف شاہوانی،متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے انچارج واراکین بھی موجود تھے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج یکم جنوری2012ءہے، نئے سال کا پہلا دن ہےاورآج پہلے سے کسی جلسہ کا اہتمام نہیں تھاہزارہ وال برادری اور سرائیکی برادری سے تعلق رکھنے والی ہزاروں مائیں ،بہنیں، بزرگ نوجوان ازخودآج نائن زیرو پرآئے ہیں اور یہاں ایک جلسے کا انعقاد ہوا ہےانہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے سب سے پہلے جنوبی پنجاب میں نئے صوبوں کے قیام کیلئے ایم کیوایم کے منشور میں مطالبہ شامل کیا، ہزارے وال صوبے کے قیام کا مطالبہ بھی سب سے پہلے کسی جماعت کے منشور میں اگرشامل کیا گیا تو وہ بھی متحدہ قومی موومنٹ ہے۔انہوں نے کہا کہ 1947ء میں جب پاکستان قائم ہورہا تھا تو پاکستان کو بنانا سب سے اہم مسئلہ تھا،70ءمیں جب مشرقی پاکستان علیحدہ ہورہا تھا تو پاکستان کو بچانا بڑا مسئلہ تھااورآج پاکستان کو بچانا، بنانااور تعمیرکرنا بھی سب سے بڑا مسئلہ ہےاورقائدتحریک جناب الطاف حسین ہی ہیں جن کے پاس واضح وژن ،بصیرت اورقائدانہ صلاحیتیں موجود ہیں اوروہی پاکستان کو بچااور بنا سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کوتعلیم یافتہ اورترقی یافتہ بنانے کیلئے لوگوں کو بااختیار بنانا ہوگا اوراپنے معاملات کا اختیار دینا ہوگا۔جناب الطاف حسین نے 23دسمبر کوملتان کے جلسہ عام میں وعدہ کیا تھا کہ ہم جنوبی پنجاب اور ہزارہ وال صوبے کی تحریک کا ہراول دستہ ہوں گےاورالطاف حسین کے منتخب نمائندوں نے 2012ءسے پہلے جنوبی پنجاب اور ہزارہ وال صوبوں کے قیام کی قراردادا سمبلی میں جمع کرکے ہزارے وال اور سرائیکی عوام کوصوبوں کے قیام کا تحفہ دیدیا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ثابت کردیا ہے کہ اگر پاکستان کا کوئی نجات دہندہ ہےتو وہ صرف جناب الطاف حسین ہی ہیں،سب نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کے دعوﺅں اوروعدوﺅں کا امتحان اورآزمائش ہوگی اورکل انشاءاللہ تعالیٰ قومی اسمبلی اورسینیٹ کے ایوانوں میں بھی یہ بازگشت گونج رہی ہوگی کہ اے کی رولا پے گیا الطاف بازی لے گیا۔انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب میں ایک یازیادہ صوبوں کا قیام اور ہزارہ وال صوبے کا قیام پاکستان میں سیاسی اورمعاشی استحکام کے لئے لازمی اورناگزیرہے۔اب وقت آگیا ہے یہ اب نہیں تو کبھی نہیں والی صورتحال ہے ۔آج پاکستان کو بچانا بھی ہے، بنانا بھی ہے، پاکستان کے عوام کو بااختیار بنا کرانتظامی طور پرانہیں معاملات میں احساس ملکیت ،شرکت اورشمولیت دینی ہےاور جب پاکستان کے مقامی معاملات میں لوگوں کی ملکیت اورشرکت شامل ہوگی تو پاکستان انشاءاللہ تعالیٰ پیچھے مڑکرنہیں دیکھے گا اوردن دگنی رات چوگنی ترقی کرے گا اوراقوام عالم میں باوقار مقام حاصل کرے گا۔متحدہ قومی موومنٹ کسی ایک زبان بولنے والے کی تحریک نہیں ہے بلکہ ایم کیوایم ملک کے تمام مظلوموں ،محروموں، پسے ہوئے طبقوں اورتمام زبانیں بولنے والوں کی واحد جماعت ہے، انشاءاللہ تعالیٰ ہزارے وال اور جنوبی پنجاب میں تعلیم اور معاشی ترقی کا سونامی آئے گا، پاکستان میں ایک عوامی انقلاب دستک دے رہا ہےاورمتحدہ قومی موومنٹ اسی عوامی انقلاب کا ہراول دستہ ہےاورقائدتحریک جناب الطاف حسین اس عوامی انقلاب کے سپہ سالار ہیں۔آخر میں انہوں نے شرکاءکا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں مبارکباددی اورکہا کہ اب عزیز آباد ہو یا ایبٹ آباد ہو ہرطرف قائدتحریک جناب الطاف حسین کے چاہنےاور ماننے والے ہوں گےاور جناب الطاف حسین ہی مظلوموں کے نجات دہندہ ثابت ہوں گے۔اظہارتشکر کی ریلیوں کے شرکاءسے ہزارہ قومی جرگہ کے چیئرمین وقارحسین شاہ نے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین اوران کی عظمت کوسلام پیش کیا اورکہا کہ جب زلزلہ آیا اس وقت ہزارے کی حالت کوسنوارنے کیلئے کراچی سے نوجوان قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پرسب سے پہلے پہنچےاورزلزلے سے متاثرہ عوام کی عملی خدمت کی۔ جناب الطاف حسین نے ہزارہ وال اورسرائیکی عوام کے زخموں پر مرہم رکھا ہےاورسرائیکی اور ہزارے وال عوام اس احسان کا بدلہ نہیں چکا سکتے۔آج کے بعد ہزارے وال کا بچہ بچہ الطاف حسین کے ہی نعرے لگائے گا۔متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے رکن نادردشتی نے کہا کہ میں سرائیکی اور ہزارے وال عوام کی جانب سے جناب الطاف حسین کا شکرگزار ہوں کہ انہوں نے ہمارے دیرینہ مطالبہ کوعملی شکل دی اورقومی اسمبلی میں سرائیکی اور ہزارے وال صوبوں کی قرارداد جمع کرائی۔نام نہاد جماعتوں نے ہم سے وعدے کئے لیکن انہوں نے اپنے وعدے نہیں نبھائے اورقائدتحریک جناب الطاف حسین ہی سرائیکیوں اور ہزارے وال عوام کے مسیحا ہیں اوران کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صوبوں کے قیام کیلئے وعدہ کرلیا ہےاوراب سمجھ لیا جائے کہ صوبوں کا قیام دورنہیں ہے۔

## ایم کیوایم پاکستان میں ایسا انقلاب برپا کرنا چاہتی ہے جس میں غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے مسائل حل ہوں،،ڈاکٹر فاروق ستار
## طلبہ وطالبات ''سائبر انقلاب'' کے بارے میں معلومات حاصل کریں اور ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں
## لیاری سیکٹر کے زیراہتمام ''سائبر انقلاب'' کے عنوان سے منعقدہ سیمینار کے شرکاء سے خطاب

کراچی:۔۔۔یکم جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور وفاقی وزیرڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ پوری دنیا''سائبر انقلاب''اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ذریعے ترقی کررہی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین بھی یہی چاہتے ہیں کہ ہمارا نوجوان طبقہ''سائبر انقلاب'' کے ذریعے پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرے۔ یہ بات انہوں نے ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے زیراہتمام''سائبر انقلاب'' کے عنوان سے منعقدہ سیمینار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پرحق پرست ارکان سندھ اسمبلی شعیب ابراہیم،طاہر قریشی،کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی واراکین اور لیاری سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔سیمینار میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ماہرین نے ٹوئٹنگ،بلوگنگ،یوٹیوب ،فیس بک کے علاوہ دیگر اہم سوشل نیٹ ورکس کے حوالے سے سیمینار کے شرکاء کو تفصیلی معلومات اور اس کے موثر استعمال کے بارے میں آگاہ کیا جبکہ آئی ٹی سے وابستہ ماہرین، اساتذہ کرام،مختلف جامعات،کالجز اور کوچنگ سینٹرز کے طلبہ وطالبات اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے معززشہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ڈاکٹر فاروق ستار کا کہنا تھا کہ پوری دنیا''سائبر انقلاب''اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ذریعے ترقی کررہی ہے قائد تحریک جناب الطاف حسین بھی یہی چاہتے ہیں کہ ہمارا نوجوان طبقہ''سائبر انقلاب'' کے ذریعے پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرے،ہمیں پاکستان کے طلبہ وطالبات کو بااختیار بنانا ہے اور طلبہ وطالبات کی بھی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ دن رات محنت ولگن سے پڑھیں اور ملکی ترقی کیلئے جدوجہد کریں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان میں ایسا انقلاب برپا کرنا چاہتی ہے جس میں غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے مسائل حل ہوں ،تعلیم کا معیار بہتر ہو،روزگار میسر آسکے اور پاکستان حقیقی معنوں میں قائداعظم محمد علی جناحؒ کا پاکستان بنے۔سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے رکن سندھ اسمبلی شعیب ابراہیم اور طاہر قریشی نے کہا کہ پاکستان کے نوجوانوں کو مواقع فراہم نہیں کئے گئے اگر انہیں مواقع فراہم کئے جاتے تو ہمارا نوجوان طبقہ ترقی کے مراحل میں تمام ممالک کو پیچھے چھوڑ سکتا ہے،قائد تحریک جناب الطاف حسین نے آپ کو یہ موقع دیدیا ہے کہ طلبہ وطالبات''سائبر انقلاب'' کے بارے میں معلومات حاصل کریں اور ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔انہوں نے''سائبر انقلاب'' کے عنوان سے سیمینار منعقد کرنے پر لیاری سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان اور تمام منتظمین کو مبارکباد پیش کی اور اعزازی شیلڈز دیں۔سیمینار کے اختتام پر کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی نے سیمینار کے شرکاء کے سوالات کے جوابات بھی دیئے جس پر شرکاء نے کہا کہ لیاری کے طلبہ وطالبات کو تعلیم سے دور رکھنے کی کوششیں کی جاتی رہی ہیں آج آپ کا پروگرام لیاری کی عوام کے لئے تعلیم کے نئے دروازے کھول دے گا اور ہماری گزارش ہے کہ اس طرح کے پروگرام منعقد کئے جاتے رہیں،تمام شرکاء نے اپنی نشستوں پر کھڑے ہوکر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کا شکریہ ادا کیا۔

## پٹرول قیمتوں میں اضافہ سے غریب عوام کو دووقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل بن جائے گا،رابطہ کمیٹی
## پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ غیر منطقی ہے،فی الفور واپس لیا جائے

کراچی۔۔۔یکم،جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی(اوگرا) کی جانب سے پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور سال نو کے موقع پر اس اضافے کو انتہائی افسوسناک قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک بھر کے عوام کی زندگیاں پہلے ہی مہنگائی،بے روزگاری کے باعث اجیرن بنی ہوئی ہیں اور پٹرول کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ کرکے عوام پر مزید بوجھ ڈال دیا گیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے اس امر کو اور زیادہ قابل افسوس قرار دیا ہے کہ دنیا بھر میں تیل کی قیمتوں میں کمی جارہی ہے اور پاکستان میں مسلسل اضافہ کیا جارہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کے اثرات ملک میں ضروریات زندگی کی بنیادی اشیاء پر براہِ راست مرتب ہونگے اور بنیادی ضروریات کی قیمتوں میں اضافہ ہوجائے گا جس سے غریب عوام کو دووقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل بن جائے گا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ نئے سال کی خوشی میں حکمرانوں کی جانب سے عوام کیلئے مراعات کے اعلانات کئے جاتے ہیں اور مگر پاکستان میں نئے سال کے موقع پر ایک مرتبہ پھر عوام پر ہی بوجھ ڈالنے کی روایت کو برقرار رکھا گیا ہے جو ہر محبّ وطن شہری کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کا غیر منطقی فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے اور عوام پر بوجھ ڈالنے کی پالیسی ختم کی جائے۔

## نام نہاد سیاستدان بھی اب جناب الطاف حسین کی پرامن انقلاب کی عملی جدوجہد سے متاثر دکھائی دیتے ہیں، ڈاکٹر فاروق ستار
## ایم کیو ایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت سال نو کے موقع پر دیدہ زیب کلینڈر کے اجراء کی تقریب سے خطاب

کراچی:۔۔۔یکم جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ پاکستان میں مثبت تبدیلی اور پرامن انقلاب کی جو فضا قائم ہورہی ہے اس کی بنیاد قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عملی جدوجہد ہے۔ یہ بات انہوں نے سال نو کے موقع پر ایم کیو ایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں 2012 کے کلینڈر کے اجراء کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب بخاری،سید شاکر علی اور ایم کیو ایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج وارا کین بھی موجود تھے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیو ایم غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے اوراس کے پرچم تلے اب ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام متحد ومنظّم ہوچکے ہیں،ملتان،لاہور،فیصل آباد، پنڈی اور کراچی میں ایم کیو ایم کے تحت ہونے والے تاریخی جلسہ عام کی فقید المثال کامیابی کے بعد اب 20 جنوری کو سکھر میں ہونے والا جلسہ عام ملک میں آنیوالے غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب کی نوید ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقے میں شعور بیدار کرکے اورانہیں پرامن انقلاب کی جانب لیجانے کی جو جدوجہد کی ہے وہ تاریخ کا حصہ بن چکی ہے اور نام نہاد سیاست دان بھی اب جناب الطاف حسین کی جدوجہد سے متاثر دکھائی دیتے ہیں اور دل ہی دل میں انہیں ہی ملک میں آنے والے انقلاب کی بنیاد قرار دے رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ حقیقت کوتسلیم کرلینے میں بھلائی ہے اور ماضی کی طرح غلطیوں کو دہرانے والے اوران سے سبق نہ حاصل کرنے والوں کو اب ملک وقوم مزید کوئی موقع دینے کو تیار نہیں ہے، اب صرف ملک میں حقیقی طور پر غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی حکمرانی سے ہی باقیماندہ پاکستان کو محفوظ بنایا جاسکتا ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے ایم کیو ایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کو سال نو کے موقع پر خوبصورت کلینڈر کے اجراء کو خوش آئند قرار دیا اورانہیں دلی مبارکباد بھی پیش کی ۔

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی:۔۔۔یکم رجنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 147 کے کارکن محمد یوسف کے والد عبدالسلام،لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 158 کے کارکن محمد ارشاد کی بہن ہما بیگم،ایلڈرز ونگ نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ A-137 کے کارکن مقصود کی والدہ کنیز فاطمہ، پی آئی بی سیکٹر یونٹ 51 کے کارکن اصغر علی کے بھائی اکبر علی،ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن رضوان خان کی والدہ نور جہاں،حیدرآباد زون کینٹ سیکٹر، یونٹ 4 کے کارکن عبدالرحیم کے بہنوئی تاج محمد،میر پور خاص زون یونٹ 7/B کے کارکن سعید منصور کی بہن طاہرہ خاتون ،اورنگی سیکٹر یونٹ 123 غلام عباس کے والد محمد حسین،کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن محمد اقبال شہید کی زوجہ زاہدہ بیگم،ٹنڈوالہ یار زون یونٹ 4-A کے کارکن غلام حسین کے بھائی ممتاز علی،کورنگی سیکٹر یونٹ 3 کے کارکن آصف حسین کی والدہ محترمہ زاہدہ پروین،اور ایم کیو ایم ،نوابشاہ زون یونٹ 3/B کے کارکن ندیم اعظم شہید کے بھائی محمد قاسم آرائیں کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم نے پاکستان کی سیاست میں دکھی انسانیت کے جذبے کو متعارف کروایا ہے، عظیم دانش
## زونل آفس میں کارکنان سے گفتگو

میر پور خاص:۔۔۔یکم جنوری،2012ء

متحدہ قومی موونٹ میر پور خاص زون کے انچارج عظیم دانش نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم نے پاکستان کی سیاست میں دکھی انسانیت کے جذبے کو متعارف کروایا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے زونل آفس میں کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہمیشہ انسانیت کی خدمت کا درس دیا ہے یہی وجہ کہ حق پرست نمائندے چاہے وہ بلدیاتی سطح پرہوں یا صوبائی اوروفاقی سطح پرانہوں نے ہمیشہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ کو اپناتے ہوئے اپنے عظیم قائد کے وژن کے مطابق دیانتداری سے اپنے فرائض انجام دیئے اوراس ملک کے غریب اور مظلوم عوام کی خدمت کی ہے۔جسکی وجہ آج پورے ملک میں غریب اور مظلوم عوام منافقانہ اور ظالمانہ کرپٹ موروثی سیاست کے خاتمہ کے لیے قائد تحریک الطاف حسین بھائی کی ولولہ انگیز قیادت میں حق پرستی کے پرچم تلے ہورہے ہیں

## متحدہ قومی موومنٹ نے ہمیشہ نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کیلئے کھیلوں کے فروغ کو اولین ترجیح دی ہے، ڈاکٹر محمد علی شاہ

## قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق حق پرست عوام منتخب نمائندے اپنا کام سرانجام دے رہے ہیں

## حیدرآباد قلعہ گراؤنڈ دورہ کے دوران عوام سے گفتگو

حیدرآباد:۔۔۔یکم جنوری 2012ء

حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر محمد علی شاہ نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق حق پرست منتخب نمائندے اپنا کام سرانجام دے رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے قلعہ گراؤنڈ دورہ کے دوران وہاں موجود عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف وارا کین زونل کمیٹی اور حق پرست رکن قومی اسمبلی سید طیب حسین موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے ہمیشہ نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کیلئے کھیلوں کے فروغ کو اولین ترجیح دی ہے اور اس کے نمائندہ آج بھی حیدرآباد شہر کو ترقی یافتہ شہروں کی صف میں کھڑا کرنے کے منصوبے پر عمل پیرا ہیں اور شہر کے نوجوانوں کیلئے ایسے مواقع فراہم کیا جائینگے جس سے ملک کو بہترین کھلاڑی میئسر آسکیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم عوام کی ترقی اور خوشحالی کی خواہ ہے اور ہماری کوشش ہے کہ غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے اور قائد تحریک الطاف حسین نے بھی تمام حق پرست نمائندوں کو اس بات کی ہدایت کی ہے کہ وہ عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دیں۔انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین چاہتے ہیں کہ ہمارے ملک کے نوجوان دنیا بھر میں اپنی فنی مہارت سے پاکستان کا نام روشن کریں۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین بھائی نے ہمیشہ خواتین کی حقوق کی بات کی ہے، محترمہ ناہید

## یوسی 03 میں منعقدہ خواتین کے اجلاس سے خطاب

سکھر:۔۔۔یکم جنوری، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ اندرونِ سندھ تنظیمی کمیٹی کی رُکن وحق پرست ایم پی اے محترمہ ناہید نے کہا کہ ایم کیو ایم نے ہمیشہ ہر شعبہ میں خواتین کے مقام کو اُجاگر کیا ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین بھائی نے ہمیشہ خواتین کی حقوق کی بات کی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوسی 03 میں 20 جنوری 2012 کو سکھر میں ہونے والے جلسہ کے سلسلے میں خواتین کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ خواتین نے ایم کیو ایم میں ہمیشہ ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے چا ہے ملک میں متحدہ کے خلاف آپریشن ہو یا پھر سندھ میں سیلاب کی صورتِ حال ہو یا سوات میں کسی مظلوم بہن کے ساتھ زیادتی ہو خواتین نے ہمیشہ اپنے بھائیوں کے شانہ بشانہ حصہ لیا ہے اسی طرح خواتین جلسۂ عام میں شرکت کر کہ یہ ثابت کردیں کہ وہ آج بھی اپنے بھائیوں کے ساتھ ہیں خواتین کو جو مقام ایم کیو ایم میں ملا ہے وہ کسی دوسری جماعت میں نہیں ہے انہوں نے مزید کہا کہ سب سے پہلے ایم کیو ایم نے خواتین کے حقوق کیلئے اسمبلیوں میں کاروکاری، ونی، قرآن کے ساتھ شادی کے خلاف آواز بلند کی تھی اور قائد تحریک محترم الطاف حسین بھائی اپنے ہر خطاب میں اپنی ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کو ہمیشہ یادرکھتے ہیں اور اُن کے احترام کیلئے کارکنان کو پابند کرتے رہتے ہیں۔اجلاس سے ایم کیو ایم سکھر زون شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ ساجدہ بختیار وارا کین شعبہ خواتین کمیٹی نے بھی خطاب کیا۔

## علم اور عمل ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم ہیں، عمل کے بغیر علم کا حصول وقت کے زیاں کے سوا کچھ نہیں ہے، عاشق حسین اسدی

## یونین کونسل 04 کے ذمہ داران وکارکنان کی تربیتی نشست سے خطاب

ٹنڈوالہ یار: یکم جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن عاشق حسین اسدی نے کہا ہے کہ علم اور عمل ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم ہیں عمل کے بغیر علم کا حصول وقت کے زیاں کے سوا کچھ نہیں ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونین کونسل 04 کے ذمہ داران وکارکنان کی تربیتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر انکے ہمراہ رکن زونل کمیٹی آفتاب عالم بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ علم کی حقیقی معراج حاصل کرنے کے لئے اسے عمل کی کسوٹی سے گذارنا ازحد ضروری ہے بغیر عمل کے علم ایسے ہی ہے جیسے بغیر روح کے جسم۔انہوں نے کہا کہ علم اور عمل کی مشکل راہیں عبور کرنے والوں کے لئے کامیابی وکامرانی کا ایک جہاں منتظر ہوتا ہے، جس تک پہنچ کر انسان اپنی تخلیق کے اصل مقصد کو حاصل کرلیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے اپنے علم کو عمل کی کسوٹی سے گذار کر ملک بھر کی مظلوم عوام کے لئے ایک ایسا انقلابی نظریہ پیش کیا جسکے ثمرات سے آج ملک بھر کے اٹھانوے فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام فیضیاب ہورہے ہیں۔قائد تحریک الطاف حسین علم وآگہی اور شعور کے فروغ کی سب سے بڑی علامت بن کر جہالت کے اندھیروں کو مٹارہے ہیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کا 20 جنوری کو سکھر میں ہونے والا جلسہ عام ملک کے مظلوم ومحکوم عوام کی طاقت سے ملکی سیاست کا رخ تبدیل کردیگا، محمد شریف

## حیدرآباد زون سیکٹر-A میں منعقد ہونے والے جنرل ورکرز سے خطاب

حیدرآباد:۔۔۔یکم جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف نے کہا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں متحدہ قومی موومنٹ کا 20 جنوری کو سکھر میں ہونے والا جلسہ عام ملک کے مظلوم ومحکوم عوام کی طاقت سے ملکی سیاست کا رخ تبدیل کردیگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیکٹر-A میں منعقد ہونے والے جنرل ورکرز سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں جوائنٹ زونل انچارج واراکین زونل کمیٹی اور سیکٹر انچارج واراکین سیکٹر کمیٹی، یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان کی کثیر تعداد موجود تھی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی جدوجہد کا مقصد ملک بھر کے ۹۸ فیصد عوام کو ظلم وجبر سے نجات دلانا اور ملک میں غریبوں کی حکمرانی قائم کرنا ہے تاکہ غریب ومظلوم عوام بھی ملک میں آزادانہ زندگی بسر کرسکیں اور انہیں بھی وہ حقوق حاصل ہوں جو ۲ فیصد مراعات یافتہ طبقہ کو حاصل ہیں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے نہ صرف مثبت سوچ وفکر کو جنم دیا بلکہ اسے پروان چڑھانے کیلئے وہ عملی جدوجہد میں مصروف ہیں مگر اس جدوجہد کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلئے ہم سب کو بھی اپنا عملی کردار ادا کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں قائد تحریک الطاف حسین کے نظریئے نے عوامی سوچ بدل ڈالی ہے اور سکھر میں ہونے والا جلسہ عام پاکستان میں رائج فرسودہ نظام اور جاگیردارانہ ووڈیرورانہ سوچ کے سیاستدانوں کیلئے مظلوم عوام کے انقلاب کی نوید دے رہا ہے قائد تحریک الطاف کی تعلیمات نے غریب ومتوسط طبقے کے لوگوں میں شعوری بیداری پیدا کردی ہے ملک سے جاگیردارانہ نظام کو ختم کرنے کیلئے عوامی قافلے حق پرستی کی جدوجہد میں شامل ہورہے ہیں۔قائد تحریک الطاف حسین کے بھائی، بھتیجے اور سترہ ہزار سے زیادہ کارکنان کا لہو اس حق پرستی کی جدوجہد میں شامل ہے ایم کیوایم ملک کی وہ واحد جماعت ہے جو ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کے مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔

## گوٹھ ابڑو قبیلہ سے تعلق رکھنے والے افراد نے قائد جناب الطاف حسین کے نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کردیا

بولان:۔۔۔یکم جنوری،2012ء

گوٹھ ابڑو قبیلہ سے تعلق رکھنے والے افراد نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی سے متاثرہ ہوکر اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔شمولیت اختیار کرنے والے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جو غریبوں کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے، اور وہ دن دور نہیں جب ملک میں غریب ومظلوم عوام کا انقلاب آئے اور ملک سے جاگیردارانہ نظام کا اخاتمہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی عملی جدوجہد سے متاثر ہو آج ہم اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ ایم کیوایم شامل ہورہے ہیں۔ شمولیت اختیار رکرنے والوں میں ضلع بولان کی تحصیل بھاگ میں سکریڑی اطلاعات مشتاق احمد کلواڑ ضلع انچارج عطا اللہ جمالی، محمد ایوب نیوڈیراہ جان محمد ابڑو۔غلام شبیر ابڑو فیض محمد ابڑو، یسن رئیں گل، محمد زنڈ رو سکندر خان جھنڈیل۔نصیر احمد ابڑو، محمد شریف ابڑو، عبدالحمید ابڑو، امام بخش ابڑو، محمد شریف ابڑو محمد رمضان رنڈڑو حاکم علی ابڑو، شکر اللہ، عبدالقیوم، محمد رفیق ابڑو، صالح محمد ابڑو محمد وارث ابڑو غلام حسین رنڈرو، کاشف علی ابڑو، سمندر خان ابڑو، خدا بخش ابڑو، محمد نیاز ابڑو، محمد لطیف ابڑو، محمد خان چشتی شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆